سوال

بے نماز کے گھر سے کھانے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بے نماز کے گھر سے کھانے کا حکم کیا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بے نماز کی بابت صحیح یہی ہے کہ بالکل کافر ہے۔ پس اس کے ساتھ کافروں کا سلوک چاہیے۔ اور کفار کے متعلق حدیث میں آیا ہے کہ ان کے برتن بھی دھوکر برتے۔ ہاں مجبوری کی حالت میں ان کے کھانے کا کوئی حرج نہیں۔ اور جن کے نزدیک بے نماز کافر نہیں۔ ان کے نزدیک فاجروفاسق ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ پس قابل نفرت ضرور ہے۔ اور جو لوگ ایسے فاجروفاسقوں سے نفرت نہیں کرتے ان کا ایمان خطرہ میں ہے

وباللہ التوفیق

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الصلوۃ، نماز کا بیان، ج2ص48